ڈاکٹر عبدالشکور عظیم
ایم بی بی ایس (کنگ ایڈورڈ کالج لاہور)
ڈی سی ایچ (شیخ زید ہاسپٹل لاہور)
ایم سی پی ایس (چلڈرن ہاسپٹل کمپلیکس ملتان)
برائے امراض بچگان ونوزائیدگان

محمد ہیلتھ کیئر
اینڈ الٹراساؤنڈ ڈایگنوسٹک
رہائش کلینک
فون نمبر: 0345-7166525
جی ٹی روڈ، سناواں، تحصیل کوٹ ادو

دنیا کی جدید ترین ڈاپلر الٹراساؤنڈ سے جسمانی امراض کی تشخیص کی سہولت موجود ہے

Patient's Name ______ Age ______ Date ______

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم الحمد للہ وحدہ والصلوٰۃ والسلام ...

رجب المرجب
۱۴۳۹ھ
23-3-18ء

محترم ومکرم جناب حضرت مفتی صاحب
السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ

مزاج گرامی! براہ کرم مندرجہ ذیل مسائل کا حل ...

(۱):- میں نے ایک کتاب میں پڑھا ہے کہ "علامہ ... لکھتے
ہیں: احادیث صحیحہ سے ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم اپنی قبر ... میں زندہ
ہیں اور اذان واقامت سے نماز پڑھتے ہیں" (صفحہ ...)

(اول) سوال ہے کہ کیا اس طرح آپ صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ ...
امیر المومنین حضرت سیدنا عبد اللہ ابی بکر بن الصدیق اور حضرت ...
رضی اللہ عنہم بھی نماز ادا فرماتے ہیں۔

(دوم):- یہ نماز ادا کرنا (نبی پاک صلی اللہ علیہ وسلم کا) ... علیہ السلام کے امام ہونے کے ساتھ ہے یا علیحدہ سے اپنی نماز ادا ...

ہدایات:
1۔ماں کا دودھ بچے کی صحت کا ضامن ہے۔ ... پلائیں۔ ماں کا دودھ ہر بچے کا حق ہے۔2۔6ماہ کی عمر کے بعد بچے کو دودھ کے علاوہ نرم غذائیں ... انڈہ وغیرہ دیں۔3۔بچے کو متعدد بیماریوں سے بچاؤ کیلئے حفاظتی ٹیکے لگائیں۔4۔اسہال کی صورت میں ORS (نمکول) والا پانی پلائیں۔5۔صفائی کا خیال رکھیں۔6۔...

(۷) [illegible] وفاء الوفاء کے حوالے سے حضرت مولانا [illegible] نے اپنی کتاب "تجلیات مدینہ" میں تحریر فرمایا ہے کہ: "نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ میرے سوا جو نبی بھی مدفون ہوا وہ تین روز کے بعد آسمان کی طرف اٹھا لیا گیا اور میں نے اللہ تعالیٰ سے یہ درخواست کی ہے کہ قیامت تک مومنوں کے درمیان رہوں"۔ (الخ)

(i) عرض خدمت ہے کہ کیا واقعی یہی معاملہ ہے!

(ii) جہاں دیگر انبیاء کرام علیہم الصلوٰۃ والسلام کی قبروں مبارک کی نشان دہی ہے کیا اب وہ آثار موجود نہیں ہیں؟

(iii) دیگر انبیاء کرام علیہم الصلوٰۃ والسلام کی قبروں مبارک پر کبھی موقع ملے تو حاضر ہو کر سلام پیش نہ کیا جائے؟

(iv) دیگر انبیاء کرام علیہم الصلوٰۃ والسلام کے مزارات پر حاضر ہونے کے کیا آداب ہیں؟

قرآن کریم کی آیت مبارکہ اِنَّ اللّٰہَ وَمَلٰئِکَتَہٗ یُصَلُّوْنَ عَلَی النَّبِیِّ (الخ) میں نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کی ذات گرامی پر صلوٰۃ اور سلام پڑھنے کا حکم ہے۔ صلوٰۃ تو درود شریف ہوا (درود ابراہیمی وغیرہ) اور سلام میں کیا صیغے پڑھے جائیں؟ التحیات میں پڑھا جانے والا السلام علیک ایھا النبی ورحمۃ اللہ وبرکاتہ ... یا الصلوٰۃ والسلام علیک یا رسول اللہ، کی تسبیح (۱۰۰ عدد) ہم اکیلے بیٹھ کر پڑھ سکتے ہیں۔ جبکہ عقیدہ یہی ہو کہ نبی پاک علیہ الصلوٰۃ والسلام اپنے روضہ پاک میں آرام فرما ہیں اور فرشتے ہمارے یہ صلوٰۃ اور سلام لے جا کر پہنچا دیں گے۔

فرشتے ہمارے پڑھے ہوئے درود شریف کیسے بارگاہِ اقدس میں لے جا کر پیش کرتے ہیں اور ان مکالمہ کی کیا صورت ہوتی ہے [illegible] پھر آپ صلی اللہ علیہ وسلم ہمارے لیے دعا فرماتے ہیں اور ہمیں پہچانتے ہیں؟

① واقعہ حرہ کے موقعہ پر مسجد نبوی علی صاحبہا الف الف التحیۃ والسلام
میں تین دن نماز نہ ہو سکی حضرت سعید بن مسیب رحمۃ اللہ علیہ جو اس وقت بھی
مسجد نبوی میں فرماتے ہیں مسجد نبوی میں اکیلا تھا جب بھی اذان کا وقت ہوتا
تو روضہ اقدس سے اذان اور تکبیر سنتا تھا۔

عن سعید بن مسیب قال لقد رأیتنی لیالی الحرۃ وما فی المسجد غیری
وما یاتی وقت اذان الا سمعت الاذان من القبر (رواہ ابو نعیم فی الدلائل)
زبیر بن بکار سعید بن المسیب رحمۃ اللہ علیہ سے نقل کرتے ہیں لم ازل اسمع الاذان والاقامۃ
فی قبر رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم ایام الحرۃ حتی عاد الناس۔
(سبل الھدیٰ والرشاد فی سیرۃ خیر العباد)

اس مضمون کی اور روایات بھی ہیں۔ ان الانبیاء احیاء فی قبورھم یصلون
وغیرہ۔ حتی عاد الناس یعنی لوگ نماز پڑھنے کیلئے آنے لگ گئے
قتل و قتال کا سلسلہ ختم گیا۔ ان الفاظ سے بظاہر معلوم ہوتا ہے
تمام دنوں میں مسجد نبوی کی اذان و اقامت پر اکتفاء کیا جاتا ہے
ایام حرہ میں چونکہ اذان اقامت اور جماعت مسجد نبوی میں نہیں ہوتی
تھی اس لئے [illegible] کی ضرورت محسوس ہوئی۔
اور اقامت چونکہ با جماعت نماز ادا کرنے کیلئے کہی جاتی ہے اس
سے بظاہر حضرات شیخین رضی اللہ عنہما کی نماز میں شمولیت ثابت
ہوتی ہے

② وفاء الوفاء کی مذکورہ روایت کی سند دیکھنی چاہیے۔ بظاہر تو یہ درست
معلوم نہیں ہوتی کیونکہ یہ الانبیاء احیاء فی قبورھم یصلون کے خلاف ہے
نیز حضور علیہ السلام نے معراج کی رات حضرت موسیٰ علیہ السلام کو قبر مبارک
میں نماز پڑھتے ہوئے دیکھا۔ عن انس بن مالک رضی اللہ عنہ ان رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم
قال مررت علی موسیٰ لیلۃ اسری بی عند الکثیب الاحمر وھو قائم یصلی
فی قبرہ (رواہ مسلم)
مذکورہ روایت کے مطابق اگر ان کا جسم مبارک اٹھا لیا گیا تھا پھر قبر میں نماز

پڑھتے ہوئے کیسے دیکھا ______ یا ______ کی کوئی مناسب تاویل کرنا (ان کی روایت کی)

ہوگی۔

اگر ان مبارک مقامات تک کسی کی رسائی ہوجائے تو ضرور صلوۃ وسلام عرض کیا جائے بلکہ اپنے اور پوری امت کیلئے دعا کی درخواست پیش کی جائے

حضرات انبیاء علیہم السلام کے مزارات کے وہی آداب ہیں جو حضور علیہ السلام کے روضہ اقدس پر حاضری کے آداب ہیں۔

لف) آیت کریمہ کے نزول کے وقت جب حضور علیہ الصلوۃ والسلام سے صلوۃ کا طریقہ دریافت کیا گیا تو حضور علیہ السلام درود ابراہیمی والے کلمات ارشاد فرمائے یہی الفاظ افضل ہیں اسلام کا طریقہ تشہد میں سکھا دیا گیا تھا ______

ب) الصلوۃ والسلام علیک یارسول اللہ (صلی اللہ علیہ وسلم) کے الفاظ سے صلوۃ وسلام پڑھنا یہ صرف روضۂ اقدس علی صاحبہا الف الف التحیۃ والسلام پر حاضری کا وظیفہ ہے۔ غائبانہ طور پڑھنا چونکہ اہل بدعت کا شعار ہے اور حاضر ناظر کے عقیدہ کا شبہ پیدا ہوتا ہے

نیز حضرات صحابہ تابعین ائمہ مجتہدین سے غیبوبت کے وقت پڑھنا ثابت نہیں اس لیے اس سے احتراز کیا جائے

ج) حضور پاک صلی اللہ علیہ وسلم کا صلوۃ وسلام کا جواب دینا صحیح روایات میں موجود ہے

عن ابی هریرة رضی اللہ عنہ ان رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم قال مامن احد یسلم علی الا رد اللہ علی روحی حتی ارد علیہ السلام (رواہ ابوداؤد) ______ فقط واللہ اعلم

عبدہ محمد عبداللہ عفا اللہ عنہ
۲۱ / ۷ / ۱۴۳۹ھ

دارالافتاء
فتوی نمبر ۲۶۲/۱۹۲
جامعہ خیر المدارس ملتان پاکستان

فاسئلوا اهل الذکر ان کنتم لا تعلمون
دارالافتاء
۱۳۶۷ھ
جامعہ خیر المدارس

مفتی
جامعہ ... ملتان